## سوال

(738)کس قسم کی تصویر چھاپنا جائز ہے یا ناجائز؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کس قسم کی تصویر چھاپنا جائز ہے یا ناجائز؟ محمد طارق شاہد حافظ آباد19/3/86

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے : { اِنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَذَابًا عِنْدَا ِ الْمُصَوِّرُوْنَ } صحیح بخاری جلد دوم کتاب اللباس باب عذاب المصورین یوم القیامة صفحہ 2 ۸۸۰[بخاری ۔ کتاب اللباس ۔ باب عذاب المصورین یوم القیامة]

''بے شک اللہ کے ہاں لوگوں میں شدید ترین عذاب والے تصویریں بنانے والے ہوں گے'' لہٰذا کسی جاندار ذی روح چیز کی تصویر بنانا یا طبع کرنا درست نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

1

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

**جلد01ص513**

محدث فتویٰ